علاقائی خبریں

19 نومبر 2026

1:10 P.M.

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج کیمپیر گنج کے بھریویسی گاؤں میں ریاست کی پہلی جنگلات اور باغبانی یونیورسٹی کا سنگ بنیاد رکھا۔ ہمارے گورکھپور کے نمائندے نے اطلاع دی کہ یونیورسٹی میں جنگلات، باغبانی، جنگلی حیات کے تحفظ، موسمیاتی تبدیلی، قدرتی وسائل کے انتظام اور زرعی جنگلات کے کورسز کی پڑھائی ہوگی۔ وہاں بی ایس سی، ایم ایس سی، پی ایچ ڈی، اور ڈپلومہ کورسز وہاں چلائے جائیں گے۔ گورکھپور کے اپنے دورے کے دوران، وزیر اعلیٰ 792 کروڑ روپے سے زیادہ کے 55 ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وہ گورکھپور کے ٹاؤن ہال میدان میں جن چوپال میں بھی شرکت کریں گے۔

.....

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی زیر صدارت کابینہ کی میٹنگ میں کل مفاد عامہ کی تیس تجاویز کو منظوری دی گئی۔ مالیات اور پارلیمانی امور کے وزیر سریش کھنہ نے بتایا کہ کابینہ نے اتر پردیش پنچایتی راج ایکٹ 1947 کے سیکشن 12 میں ترمیم کی منظوری دی ہے۔ اس ترمیم کے تحت گاؤں کی پنچایتوں میں

ایڈمنسٹریٹر کے طور پر خدمات انجام دینے والے سبکدوش گاؤں کے سربراہوں کی مدت میں چھ ماہ کی توسیع کی گئی ہے۔

डिस्पैच.....

کابینہ نے آئی آئی ٹی کانپور کے نوئیڈا کیمپس میں ڈیپ ٹیک یو-ہب کے قیام کو بھی منظوری دی۔ آگرہ میں ایک نئے اسٹیڈیم کی تعمیر کے لیے محکمہ کھیل کو مفت اراضی کی منتقلی اور لکھنؤ میں اسٹیٹ کو آپریٹیو کالج کے قیام کے لیے 4.51 ہیکٹر اراضی کے الاٹمنٹ کو بھی منظوری دی گئی۔ کابینہ نے اتر پردیش بائیوانرجی پالیسی 2022 اور اتر پردیش ٹورزم پالیسی 2022 میں ترامیم کی بھی منظوری دی۔ گھناؤنے جرائم کا شکار خواتین کو 1 لاکھ سے 15 لاکھ روپے تک کی امداد فراہم کرنے کی تجویز بھی کل کی کابینہ کی میٹنگ میں منظور کی گئی۔

.....

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے کل لکھنؤ میں پولیس لائنز میں این ایس جی اور اتر پردیش پولیس کے لئے ایک جامع صلاحیت سازی کے تربیتی پروگرام کا افتتاح کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کمانڈوز کے انسداد دہشت گردی آپریشنز، وی آئی پی سیکیورٹی اور بم ڈسپوزل کا مشاہدہ بھی کیا۔ اپنے خطاب میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ این ایس جی اور یوپی پولیس کے درمیان مشترکہ پروگرام سیکورٹی نظام کو ایک نیا فروغ دے گا۔

बाइट.....

.....

الیکشن کمیشن آف انڈیا کے سینئر ڈپٹی الیکشن کمشنر مسٹر منیش گرگ اور کمیشن کے دیگر سینئر افسران آج آگرہ میں پانچ ڈویژنوں کے تحت آنے والے 21 اضلاع کے انتخابی تیاریوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔

اتر پردیش کے چیف الیکٹورل آفیسر جناب نودیپ رِنوا اور چیف الیکٹورل آفیسر کے دفتر کے دیگر سینئر افسران بھی میٹنگ میں موجود ہیں۔

میٹنگ میں آگرہ، چترکوٹ، جھانسی، بریلی، اور کانپور ڈویژن کے تحت آنے والے اضلاع میں، آنے والے اسمبلی عام انتخابات 2027 کے پیش نظر تیاریوں، الیکشن سے متعلق انتظامات اور ایکشن پلان کا جائزہ لیا جائے گا۔ ڈویژنل کمشنر، پولیس کمشنر، انسپکٹر جنرل آف پولیس/ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس، ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر، اور متعلقہ ڈویژنوں کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس اجلاس میں شرکت کر رہے ہیں۔

.....

پیٹرولیم اینڈ نیچرل گیس ریگولیٹری بورڈ حکومت ہند نے آج لکھنؤ میں تیسری قومی قدرتی گیس اور پیٹرولیم مصنوعات انفراسٹرکچر کانفرنس کا افتتاح کیا۔ کانفرنس کا موضوع "توانائی کی فراہمی کے تحفظ کے لیے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانا" ہے۔

پی این جی آر بی کے زیر اہتمام یہ دو روزہ قومی کانفرنس قدرتی گیس پائپ لائن نیٹ ورک، قومی پی این جی مشن، ایل این جی پیٹرولیم مصنوعات کی نقل و حمل اور اسٹوریج، اور ملک میں محفوظ اور قابل اعتماد توانائی کی

فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے جدید اور مضبوط انفراسٹرکچر سے متعلق اہم موضوعات پر غور وخوض کر رہی ہے۔

.....

عالمی ثقافتی ورثہ ہفتہ کے پہلے دن آج، آگرہ میں تاج محل، آگرہ قلعہ اور فتح پور سیکری سمیت آرکیالوجیکل سروے آف انڈیا کی محفوظ یادگاروں میں داخلہ فیس معاف رہیگی۔

.....